سوال

(07) شیخ الاسلام ابن تیمیہ کی طرف منسوب ختم قرآن کی دعا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ علیہ کی طرف منسوب ختم قرآن کی دعا پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ہے؟ سنت کی روشنی میں ختم قرآن کے موقع پر کون سا عمل واجب ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ علیہ کی طرف منسوب ختم قرآن کی دعا آپ سے ثابت نہیں ہے۔ آپ تفسیر میں اس کا کوئی ذکر نہیں البتہ آپ کی طرف اس کی نسبت مشہور ہے' اس کے پڑھنے میں کوئی حرج بھی نہیں ہے اگر انسان اس موقع پر دوسری دعائیں پڑھ لے تو اس میں کوئی حرج نہیں کیونکہ ختم قرآن کے موقع پر کسی مخصوص اور معین دعا کے پڑھنے کوئی دلیل نہیں ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

کتاب القران الکریم : جلد 4 صفحہ 23

محدث فتویٰ